09/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اخترسے خبریں سُنئے

پاکستان حملہ

پاکستان نے کل دیر رات جموں کشمیر کے ستواری ، سانبہ ، آر ایس پورہ اور ارنیہ علاقوں کی طرف میزائل چلائے ۔ دفاعی ذرائع نے کہا کہ بھار ت کے ائیر ڈیفنس یونٹ نے ان سبھی میزائلوں کو نا کام بنایا ۔ پاکستان نے بین الاقوامی سرحد کے متصل جموں ، پٹھان کوٹ اور ادھمپور علاقوں کو بھی نشانہ بنایا تاہم اس واقعے میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

در اندازی

ا س دوران بی ایس ایف نے کل رات گیارہ بجے کے قریب جموں کے سرحدی سیکٹر میں در اندازی کی ایک کوشش کو نا کام بنایا ۔ بھارتی فوج نے کہا ہے کہ وہ اپنے ملک کی خود مختاری اور سالمیت کی حفاظت کے تئیں پر عزم ہے اور کسی بھی طرح کی تخریبی کاروائیوں کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا ۔

ہوائی اڈے

پاکستان کی طرف سے حالیہ جارحیت کے تناظر میں کشن گڑھ ، بھنتر اور لدھیانہ کے ہوائی اڈوں کو بند کر دیا گیا ہے ۔ اس سے پہلے جموں کشمیر سمیت پنجاب ، راجستھان ، چندی گڑھ اور ہماچل پردیش کے ہوائی اڈوں کو بند کر د یا گیا تھا ۔ البتہ شہری ہوا بازی کی وزارت نے ان خبروں کی تردید کی ہے کہ ملک بھر کے ہوائی اڈوں کو بند کر دیا گیا ہے ۔ دلی ائیر پورٹ پر بھی پروازیں معمول کے مطابق ہیں تاہم ائیر پورٹ کے حکام نے سیکورٹی صورتحال کے تناظر میں ایک ایڈوائزری جاری کی ہے ۔

خارجہ سیکریٹری

خارجہ سیکریٹری وِکرم مسری نے کہا ہے کہ پاکستان کی شبیہ عالمی دہشت گردی کے ایک مرکز کے بطور بنی ہوئی ہے ۔ نئی دلی میں ایک پریس بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان نے مزید کوئی کاروائی کی تو بھارت اس کا مناسب جواب دے گا ۔انہوں نے کہا کہ تناو کی اصل وجہ پہلگام دہشت گردانہ حملہ ہے جس کے عوض بھارت نے اپنی جوابی کاروائی کی ہے ۔

سند ھ طاس آبی معاہدے سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا ۔

پریس بریفنگ

سنگھ نے کہا کہ Vyomika اس پریس بریفنگ کے دوران کرنل صوفیہ قریشی اور وِنگ کمانڈر پاکستان نے شمالی اور مغربی بھارت میں کچھ فوجی تنصیبات کو ڈرون اور میزائلوں سے نشانہ بنانے کی کوشش کی ، تاہم بھارتی فوج نے پاکستان کی ان کوششوں کو ناکام بنایا ۔

سکول بند

جموں کشمیر سرکار نے آج اور کل کے لئے تمام سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو بند رکھنے کا اعلان کیا ہے ۔ اس بات کی جانکاری تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دی ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سوموار کو صورتحال کو دیکھتے ہوئے اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ آیا تعلیمی ادارے واپس کب کھولے جائیں ۔

حج

جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے اطلاع دی ہے کہ آج سرینگر ہوائی اڈے سے 640 عازمین کو لے جانے والی دو حج پروازونکومنسوخ کیا گیا ہے ۔ نئے شیڈو ل کا اعلان بعد میں کیا جائے گا ۔

یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی نے سال2025 کےلئے مختلف کورسوں کےلئے داخلے کا نوٹیفکیشن جا ری کیا ہے۔ خواہشمند اُمید وار اپنی درخواستیں آن لائن جمع کر اسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ www.kashmiruniversity.ac.in یونیورسٹی کی ویب سائٹ

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بدستور بند ہے ۔ شاہراہ کی بحالی کا کام شد و مد سے جاری ہے البتہ ہمارے نمائندے نے ٹریفک حکام کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ بحالی کے اس کام میں کچھ اور وقت لگ سکتا ہے ۔مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ اگلے احکامات تک NH44 پر سفر نہ کریں ۔

کولگام

حقوق صارفین کا تحفظ یقینی بنانے اور محکمہ ناپ تول کے معیاری ضوابط پر عمل در آمد کی غرض سے محکمہ لیگل میٹرولاجی کے کولگام یونٹ نے مختلف ایگرو کیمیکل یونٹوں پر ایک لاکھ 55 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے ۔ اس سلسلے میں محکمے کی ایک ٹیم نے بازاروں کا معائینہ کیا تھا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ